City of Brampton
**Animal Services**



# کیہوٹس کے ساتھ رہنا

## موسم بہار اور گرما

BRAMPTON




**سٹی آف برامپٹن اینیمل سروسز**

475 کرائزلر ڈرائیو
905.458.5800
**www.brampton.ca/animalservices**


کیہوٹس کے ساتھ محفوظ طریقے سے رہنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم رابطہ کریں:

منسٹری آف نیچرل ریسورسز اینڈ فاریسٹری

**1.800.667.1940**
**www.ontario.ca/mnrf**

کیہوٹ واچ کینیڈا

**905.931.2610**
**www.coyotewatchcanada.com**

311

BRAMPTON

Urdu

## کیہوٹ کیا ہے؟

کیہوٹس کتا نما چھوٹے جنگلی جانور ہیں، جن کا وزن عام طور پر 30 تا 40 پاؤنڈ تک ہوتا ہے۔ ان کی کھال کا رنگ سنہرے سے لے کر سرخ تک اور بھورا بھی ہو سکتا ہے۔

اس کی مشرقی کیہوٹ قسم پورے شمالی، امریکہ بشمول برامپٹن کے شہری علاقوں میں عام پائی جاتی ہے۔

ماحول کے ساتھ بہتری موافقت پذیری کی خصوصیت کا حامل یہ جانور برامپٹن جیسے بڑے شہروں کے دیہی علاقوں بشمول گھاٹیوں، وادیوں اور جنگلات والے علاقوں میں پروان چڑھتا ہے۔  یہ ہائیبرنیٹ نہیں ہوتے، لہٰذا سال بھر دیکھے جا سکتے ہیں۔

کیہوٹس عام طور پر شرمیلے اور غیر حملہ آور ہوتے ہیں لیکن متجسس ہو سکتے ہیں۔

کیہوٹس ایک دوسرے کے ساتھ رابطہ استوار کرنے، علاقے کا دفاع کرنے، خاندان کا پتہ لگانے، جشن منانے اور ایک دوسرے کو خطرے سے خبردار کرنے کے لیے چیختے چلاتے ہیں اور بھونکتے بھی ہیں۔ اگر آپ کیہوٹس کو ایک دوسرے کے ساتھ رابطہ سازی کرتے ہوئے سنتے ہیں، تو وہاں سے فاصلہ برقرار رکھیں اور ان کی جگہ سے دور رہیں۔

## ہماری کمیونٹی میں کیہوٹس کی موجودگی

کیہوٹس متنوع ماحولیاتی نظام کا ایک ضروری حصہ ہیں اور شکار کے ایک لازمی اور صحت مند توازن کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جب یہ آزادانہ اور کھلے ماحول میں رہیں، تو ہمیں ان کی سرگرمیوں سے بہت فائدہ ہوتا ہے، تاہم، جب ہم جان بوجھ کر انہیں کھانا کھلاتے ہیں یا نادانستہ طور پر اپنے شہری علاقوں میں ان کے لیے مفت کھانے کے مواقع پیدا کرتے ہیں، تو ان کے اور انسانوں کے درمیان تنازعات پیدا ہو سکتے ہیں۔ کیہوٹس اپنے رویے میں بہت موقع پرست ہوتے ہیں اور اپنی خوراک کے لیے آسانی سے دستیاب ذرائع کا استعمال کرنا زیادہ پسند کرتے ہیں، بجائے اس کے کہ اپنی خوراک خود تلاش کریں۔



Urdu

## موسم بہار اور گرما ان کی افزائش نسل کا موسم ہوتا ہے

### آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

ان کی افزائش نسل کا موسم اپریل تا جولائی کے مہینوں کے درمیان ہوتا ہے۔ یہ سال کا وہ وقت ہے جب نر اور مادہ کیھوٹس کا ملاپ ہوتا اور وہ اپنے بچوں کی پرورش کے لیے جگہیں بناتے ہیں۔

اس وقت کے دوران کیھوٹس زیادہ نظر آتے ہیں اور زیادہ فعال ہوتے ہیں، کیونکہ وہ اپنے بچوں کی پرورش کی جگہوں کی حفاظت کر رہے ہوتے ہیں۔

### اگر آپ کے علاقے میں ان کی افزائش نسل کی کوئی جگہ موجود ہو، تو کیا کریں

- جب ان کے بچے چھوٹے ہوں، تو چند ہفتوں کے لیے اپنے چلنے کے راستے کو تبدیل کرنے پر غور کریں۔ کیھوٹس آخر کار اس جگہ کو چھوڑ دیں گے۔
- کیھوٹس، ان کی افزائش کی جگہوں اور بچوں کے قریب نہ جائیں، چاہے یہ معلوم بھی ہو کہ ان کے ماں باپ انہیں چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔
- افزائش کی جگہ کے باہر نہ رکیں اور نہ ہی اس کے قریب جائیں۔
- اپنے کتے کا پٹہ باندھ کر رکھیں اور اس علاقے سے دور رکھیں۔
- اپنے کتے کو کیھوٹ کے پاس جانے، اس کا پیچھا کرنے یا اس کے ساتھ کھیلنے کی اجازت نہ دیں، چاہے کیھوٹ کتنا ہی دوستانہ کیوں نہ ہو۔ کتوں کو کیھوٹ سے دوستی کرنے یا اسے ہراساں کرنے کی اجازت دینا، اس عام ڈرپوک جانور کے فطری رویے کو بدل دیتا ہے۔

### میں مزید کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

- کیھوٹس کو دیکھنے کے واقعات brampton.ca/coyotes پر آن لائن طور پر درج کریں، تاکہ سٹی اور رہائشیوں کو یہ معلوم ہو سکے کہ کیھوٹس کن علاقوں میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔
- کھانے پینے کی چیزیاں چھوڑے جانے یا بہت زیادہ گھاس پھوس والی پراپرٹیز کے بارے میں کارروائی کی درخواست جمع کرانے کے لیے، 311 پر رابطہ کریں۔
- اگر آپ کو کوئی بیمار یا زخمی کیھوٹ نظر آتا ہے، تو 311 پر رابطہ کریں۔
- کیھوٹ سے چوکنا اور ہوشیار رہیں!

## اگر کوئی کیھوٹ آپ کا پیچھا کرتا ہے یا آپ کے پاس آتا ہے، تو کیا کریں:

- **رک جائیں۔** اگر ضروری ہو، تو بچوں اور چھوٹے پالتو جانوروں کو اٹھا لیں۔
- **ساکن کھڑے رہیں۔** کیھوٹ سے کبھی بھی بھاگیں نہیں۔
- **اپنے آپ کو پھولا کر بڑا بنائیں۔** جارحانہ رویہ دکھائیں، سیدھے کھڑے رہیں اور اپنے بازو ہوا میں بلند کریں۔ حیران کن، چونکا دینے والے اور بے ساختہ اشارے بہترین کام کرتے ہیں۔
- **اونچی آواز میں بولیں اور ثابت قدم رہیں۔** چیخیں، پاؤں ماریں یا تالیاں بجائیں۔ شور مچانے والی کوئی چیز (مثلاً سیٹی، پلاسٹک کی تھیلی یا چھتری) اپنے ساتھ لے کر جائیں۔
- **واپس مقابلہ کریں۔** ڈرانے اور روکنے کے لیے کیھوٹ کی عمومی سمت میں کچھ لاٹھیاں یا پتھر پھینکیں۔ ان چیزوں سے کویوٹی کو براہ راست نہ ماریں۔
- **آہستہ آہستہ پیچھے ہٹیں۔** اس کی آنکھ سے رابطہ برقرار رکھیں اور یاد رکھیں، بھاگیں کبھی نہیں۔

اپنے خاندان کے افراد کو بھی یہ بتائیں اور انہیں سکھائیں تاکہ وہ بھی جان لیں کہ کیھوٹ کو محفوظ طریقے سے کیسے جواب دینا ہے۔

ایسی صورت میں کہ کوئی کیھوٹ عوامی تحفظ کے لیے فوری خطرہ ثابت ہو رہا ہو، 911 پر کال کریں۔



## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### سٹی کیھوٹس کو منتقل کیوں نہیں کر دیتا؟

کیھوٹس کو کہیں اور منتقل کرنا یا مارنا کوئی اچھا آپشن نہیں ہے، کیونکہ انہیں پکڑنا انتہائی مشکل ہے اور یہ ایک عارضی طریقہ ہے۔ اگر کہیں سے کویوٹی کو ہٹا دیا جاتا ہے، تو اس کے نتیجے میں دوسرے چلے آئیں گے۔ اونٹاریو کے فش اینڈ وائلڈ لائف کنزرویشن ایکٹ کے تحت کیھوٹس کو پکڑنے اور ایک کلومیٹر سے زیادہ دور منتقل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

### کیھوٹ متحرک کیوں ہوتا ہے اور میرے پیچھے کیوں آتا ہے؟

کیھوٹس طبعاً متجسس ہوتے ہیں اور اپنے علاقے کی ہر چیز سے واقفیت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ کیھوٹ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ انسان اس کے علاقے سے دور چلے جائیں اور اس کے لیے اور اس کے خاندان کے لیے خطرہ نہ ہوں، انسانوں پر نظر رکھ سکتا ہے، ان کے ساتھ یا ان کے پیچھے چل سکتا ہے۔

### کتے اور کیھوٹس

جب کتے کے گلے میں پٹہ نہ ہو یا ایسا لگتا ہو کہ وہ کھلا ہوا ہے، تو کیھوٹس اور کتوں کے درمیان ٹکراؤ کی صورت حال بن سکتی ہے۔ صحن میں باہر نکلتے وقت اپنے کتے کی نگرانی کریں اور چہل قدمی کے دوران ایک چھوٹی رسی سے باندھ کر رکھیں۔ اگر آپ جانتے ہوں کہ آپ کے علاقے میں کیھوٹ دیکھا گیا ہے، تو اپنے واک شیڈول یا روٹ کو عارضی طور پر تبدیل کرنے پر غور کریں۔

### اگر میں کیھوٹس کو کچھ کھلاؤں، تو کیا ہو گا؟

کیھوٹ کو کبھی بھی کھانا نہ کھلائیں اور نہ ہی چھوڑ دیں۔ انتہائی ذہین جانوروں کے طور پر، وہ پہچان لیں گے کہ انسان انہیں کھانا کھلا رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں وہ نہ صرف اس علاقے میں واپس آئیں گے بلکہ ممکنہ طور پر انسانوں کے ساتھ مختلف رویوں سے بھی پیش آئیں گے۔

### کیھوٹس کو اپنی پراپرٹی سے دور رکھنا

کیھوٹس کو انسانوں کے لیے اہم خطرہ نہیں سمجھا جاتا، لیکن اپنی پراپرٹی پر یا چہل قدمی کے دوران کیھوٹ کو قریب دیکھنا پریشان کن ہو سکتا ہے۔ کیھوٹس کو اپنے بیک یارڈ اور پڑوس سے دور رکھنے کے لیے ہم کچھ اہم اقدامات کر سکتے ہیں۔

- اپنی پراپرٹی سے کھانے پینے کی اشیاء کے تمام ذرائع کو ہٹا دیں مثلاً سبزیوں کے باغات، پرندوں کے کھانے کے بیج، باربی کیو کی گندگی، پالتو جانوروں کی خوراک وغیرہ۔
- باڑ اور شیڈوں وغیرہ کے نیچے موجود خالی جگہوں کو بند کر دیں۔
- پالتو جانوروں کو کبھی بھی باہر اکیلا نہ چھوڑیں۔
- کیھوٹس کی موجودگی کو روکنے کے لیے اپنی پراپرٹی پر خصوصی توجہ دیں۔